روزنامہ
الفضل
C.P.L 29-FD ٹیلی فون نمبر 047-6213029
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

جمعرات یکم ستمبر 2005ء 26 رجب 1426 ہجری یکم تبوک 1384 ہش جلد 14 نمبر 136

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

شریعت کے دو ہی بڑے حصے اور پہلو ہیں جن کی حفاظت انسان کو ضروری ہے۔ایک حق اللہ، دوسرے حق العباد۔حق اللہ تو یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی محبت، اس کی اطاعت، عبادت، توحید، ذات اور صفات میں کسی دوسری ہستی کو شریک نہ کرنا۔اور حق العباد یہ ہے کہ اپنے بھائیوں سے تکبر، خیانت اور ظلم کسی نوع کا نہ کیا جاوے۔گویا اخلاقی حصہ میں کسی قسم کا فتور نہ ہو۔سننے میں تو یہ دو ہی فقرے ہیں لیکن عمل کرنے میں بہت ہی مشکل ہیں۔

اللہ تعالیٰ کا بڑا ہی فضل انسان پر ہو تو وہ ان دونوں پہلوؤں پر قائم ہو سکتا ہے کسی میں قوت غضبی بڑھی ہوئی ہوتی ہے۔جب وہ جوش مارتی ہے تو نہ اس کا دل پاک رہ سکتا ہے اور نہ زبان۔دل سے اپنے بھائی کے خلاف ناپاک منصوبے کرتا ہے اور زبان سے گالی دیتا ہے۔اور پھر کینہ پیدا کرتا ہے۔کسی میں قوت شہوت غالب ہوتی ہے اور وہ اس میں گرفتار ہو کر حدود اللہ کو توڑتا ہے۔غرض جب تک انسان کی اخلاقی حالت بالکل درست نہ ہو وہ کامل ایمان جو منعم علیہ گروہ میں داخل کرتا ہے اور جس کے ذریعہ سچی معرفت کا نور پیدا ہوتا ہے اس میں داخل نہیں ہو سکتا۔پس دن رات یہی کوشش ہونی چاہئے کہ بعد اس کے جو انسان سچا موحد ہو اپنے اخلاق کو درست کرے میں دیکھتا ہوں کہ اس وقت اخلاقی حالت بہت ہی گری ہوئی ہے۔اکثر لوگوں میں بدظنی کا مرض بڑھا ہوا ہوتا ہے۔وہ اپنے بھائی سے نیک ظنی نہیں رکھتے اور ادنیٰ ادنیٰ سی بات پر اپنے دوسرے بھائی کی نسبت برے برے خیالات کرنے لگتے ہیں اور ایسے عیوب اس کی طرف منسوب کرنے لگتے ہیں کہ اگر وہی عیب اس کی طرف منسوب ہوں تو اس کو سخت ناگوار معلوم ہو۔اس لئے اول ضروری ہے کہ حتی الوسع اپنے بھائیوں پر بدظنی نہ کی جاوے اور ہمیشہ نیک ظن رکھا جاوے، کیونکہ اس سے محبت بڑھتی ہے اور انس پیدا ہوتا ہے اور آپس میں قوت پیدا ہوتی ہے اور اس کے باعث انسان بعض دوسرے عیوب مثلاً کینہ۔بغض۔حسد وغیرہ سے بچا رہتا ہے۔

پھر میں دیکھتا ہوں کہ بہت سے ہیں جن میں اپنے بھائیوں کے لئے کچھ بھی ہمدردی نہیں۔اگر ایک بھائی بھوکا مرتا ہو تو دوسرا توجہ نہیں کرتا اور اس کی خبرگیری کے لئے تیار نہیں ہوتا۔یا اگر وہ کسی اور قسم کی مشکلات میں ہے تو اتنا نہیں کرتے کہ اس کے لئے اپنے مال کا کوئی حصہ خرچ کریں۔حدیث شریف میں ہمسایہ کی خبرگیری اور اس کے ساتھ ہمدردی کا حکم آیا ہے بلکہ یہاں تک بھی ہے کہ اگر تم گوشت پکاؤ تو شوربا زیادہ کر لو تا کہ اسے بھی دے سکو۔اب کیا ہوتا ہے اپنا ہی پیٹ پالتے ہیں، لیکن اس کی کچھ پرواہ نہیں۔یہ مت سمجھو کہ ہمسایہ سے اتنا ہی مطلب ہے جو گھر کے پاس رہتا ہو۔بلکہ جو تمہارے بھائی ہیں وہ بھی ہمسایہ ہی ہیں خواہ وہ سو کوس کے فاصلے پر بھی ہوں۔ (ملفوظات جلد چہارم ص 214)

خدا کا بندہ

حضرت عبداللہ بن عمروؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا تھوڑا علم زیادہ عبادت سے بہتر ہے۔آدمی کی ذہانت اور فقاہت اس بات میں ہے کہ خدا کا بندہ بن کر رہے اور انسان کی جہالت کی علامت یہ ہے کہ وہ اپنی رائے پر تکبر کرے۔لوگوں کی دو ہی قسمیں ہیں۔مومن اور جاہل۔مومن کو تکلیف نہ دو اور جاہلوں کے ساتھ زیادہ میل جول نہ رکھو۔

(المعجم الاوسط طبرانی جلد8ص 302حدیث نمبر :8698)

تحریک جدید کا ایک مطالبہ

تحریک جدید کا 17واں مطالبہ بیکاری دور کرنے کے بارے میں ہے۔اس ضمن میں حضرت امام جماعت ثانی نے فرمایا:۔

''میں نے یہ بارہا کہا ہے کہ بیکار مت رہو۔اس میں امیر غریب مساوی ہیں بلکہ غریب کو جس کا پیٹ خالی ہے کام کرنے کی زیادہ ضرورت ہے۔میں جماعت کو توجہ دلاتا ہوں کہ تحریک جدید تمہیں اس وقت تک کامیاب نہیں کر سکتی جب تک رات دن ایک کر کے کام نہ کرو۔''(مطالبات صفحہ :123)

(وکیل المال اول)

ماہر امراض جلد کی آمد

مکرم ڈاکٹر عبدالرفیق سمیع صاحب ماہر امراض جلد مورخہ 4 ستمبر 2005ء کو فضل عمر ہسپتال ربوہ میں مریضوں کے معائنہ کیلئے تشریف لا رہے ہیں۔ضرورت مند احباب وخواتین استفادہ کیلئے تشریف لائیں اور پرچی روم سے اپنی پرچی بنوالیں۔مزید معلومات کیلئے استقبالیہ ہسپتال سے رابطہ فرمائیں۔

(ایڈمنسٹریٹر)

کتابوں کا میلہ

مورخہ 4 تا 6 ستمبر 2005ء بروز اتوار سوموار منگل خلافت لائبریری میں Oxford University Press کا بک فیئر (Book Fair) منعقد ہوگا۔

جس کے اوقات کار درج ذیل ہونگے

صبح 8:00 بجے	تا 10:30 بجے	مرد حضرات
صبح 10:30 بجے	تا 12:30 بجے	خواتین
دوپہر 12:30 بجے	تا 1:30 بجے	وقفہ
دوپہر 1:30 بجے	تا 5:00 بجے	مرد حضرات
شام 5:00 بجے	تا 8:00 بجے	خواتین
رات 8:00 بجے	تا 10:00 بجے	مرد حضرات

(انچارج خلافت لائبریری)

غزل

چراغ کوئی جل رہا ہو آندھیوں کے درمیاں
گزر رہی ہے زندگی یوں حادثوں کے درمیاں

وہ قافلے جو راہبر سفر کے ساتھ نہ چلے
وہ آج تک بھٹک رہے ہیں راستوں کے درمیاں

یہ شہر مومناں کی ہر گلی میں ذکر عام ہے
کہ رِند آ گیا ہے کوئی زاہدوں کے درمیاں

ڈرائیں گے بھلا انہیں یہ کیا بگولے خاک کے
پلے ہوئے جو لوگ ہیں تلاطموں کے درمیاں

وہ کیا کریں گے طے وفا و عشق کی یہ منزلیں
جو کھیلتے ہیں ”زر نگار پلوؤں“ کے درمیاں

ہمیں تو وہ پسند ہی نہیں ردائے مصلحت
جو باعث حجاب ہو صداقتوں کے درمیاں

جو آستیں کے سانپ پہ نظر پڑی، پتہ چلا
کہ زہر کون گھولتا ہے راحتوں کے درمیاں

رقم کیا ہے جو فسانہ ہم نے لوحِ عشق پر
وہ ڈھونڈتے ہیں کم نظر عبارتوں کے درمیاں

ظفؔر مزاجِ دوستاں میں ڈھل سکے نہ آج تک
جو اجنبی سے لگ رہے ہیں واقفوں کے درمیاں

مبارک احمد ظفرؔ

اطلاعات واعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

نصرت جہاں کا انٹرمیڈیٹ کا نتیجہ

امسال نصرت جہاں انٹر کالج ربوہ کے 85 طلباء نے فیصل آباد بورڈ کے انٹرمیڈیٹ کے امتحان میں شمولیت کی خدا تعالیٰ کے فضل سے 79 طلباء امتحان میں کامیاب ہوئے جبکہ 5 طلباء کی کمپارٹ آئی اور ایک طالب علم فیل ہوا۔ 15 طلباء A گریڈ میں 20 طلباء B گریڈ میں 37 طلباء C گریڈ میں اور 7 طلباء D گریڈ میں کامیاب ہوئے نصرت جہاں انٹر کالج کا نتیجہ 92.94 فیصد رہا۔

پری انجینئرنگ گروپ میں عزیزم اسامہ حیات ولد حافظ محمد حیات نے 879 نمبر لے کر اول پوزیشن حاصل کی، عزیزم رضوان ناصر ولد ناصر احمد صاحب نے 878 نمبر لے کر دوئم پوزیشن حاصل کی اور عزیزم قمر سلیمان ولد ملک عبدالرشید صاحب نے 821 نمبر لے کر سوئم پوزیشن حاصل کی۔

پری میڈیکل گروپ میں عزیزم احسن جواد ولد حنیف احمد کامران صاحب نے 873 نمبر لے کر اول پوزیشن حاصل کی، عزیزم سید حسن احمد ولد سید حسین احمد صاحب نے 854 نمبر لے کر دوئم پوزیشن حاصل کی، عزیزم شعیب احمد فراز ولد چوہدری محمد اسحاق صاحب نے 834 نمبر لے کر سوئم پوزیشن حاصل کی۔

جنرل سائنس گروپ میں عزیزم عثمان احمد ولد رانا مبشر احمد صاحب نے 731 نمبر لے کر اول پوزیشن حاصل کی، عزیزم علی اقتدار احمد ولد شاہد احمد باجوہ صاحب نے 685 نمبر لے کر دوئم پوزیشن حاصل کی اور عزیزم صادق احمد ولد مبشر احمد صاحب نے 666 نمبر لے کر سوئم پوزیشن حاصل کی۔

دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل سے سب کمزوریوں کو دور فرمائے۔ آمین

(پرنسپل نصرت جہاں اکیڈمی ربوہ)

ولادت

مکرم نذیر احمد سہگل صاحب جی الیون ون اسلام آباد تحریر کرتے ہیں اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے میرے بیٹے مکرم نعمان نذیر صاحب مقیم امریکہ کو پہلی بیٹی سے نوازا ہے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ازراہ شفقت فریحہ نام عطا فرمایا ہے بچی وقف نو کی تحریک میں شامل ہے اور مکرم (ریٹائرڈ) میجر جہانگیر سکندر صاحب کی نواسی ہے نیز مکرم فتح محمد صاحب سہگل مرحوم سیالکوٹ کے خاندان سے ہے۔ احباب دعا کریں کہ بچی نیک باعمر اور والدین کیلئے قرۃ العین ہو۔ آمین

واقفین نو متوجہ ہوں

آجکل ایف۔اے/ایف ایس سی کے نتائج کا اعلان ہو چکا ہے۔ ایف ایس سی پاس کرنے والے واقفین نو کی رہنمائی کیلئے تحریر ہے کہ دیگر شعبہ جات کے ساتھ ساتھ جماعت کے ہسپتالوں کیلئے پیرا میڈیکل سٹاف کی بھی ضرورت ہے۔ اس سلسلہ میں روزنامہ جنگ مورخہ 25۔ اگست 2005ء میں شیخ زید ہسپتال لاہور میں مختلف پیرامیڈیکل کورسز میں داخلہ کیلئے اعلان شائع ہوا ہے ایسے واقفین نوجن کو پیرا میڈیکل کے ان شعبہ جات میں دلچسپی ہو مزید معلومات کیلئے متعلقہ اشتہار ملاحظہ فرمائیں۔

اسی طرح اقرء یونیورسٹی نے ایف ایس سی کے بعد بیچلر ان میڈیا سٹڈیز (فلم اینڈ ٹی وی) کا چار سالہ کورس شروع کیا ہے۔ جس میں فلم میکنگ اور ٹی وی سے متعلق تعلیم دی جاتی ہے ایم ٹی اے کو اس ڈگری کے حامل یافتہ افراد کی ضرورت ہے اس سلسلہ میں مزید معلومات اقرء یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.iqra.edu.pk سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

(وکالت وقف نو)

درخواست دعا

مکرمہ امۃ الرؤف صاحبہ اہلیہ مکرم نعیم اللہ باجوہ صاحب دارالرحمت شرقی (ب) ربوہ تحریر کرتی ہیں کہ میری بھابھی محترمہ خالدہ طاہر گلشن جامی کراچی بڑے آپریشن سے بچی کی ولادت کے بعد نیشنل ہسپتال کراچی کے I.C.U میں گزشتہ پانچ روز سے داخل ہیں۔ نالی کے ذریعے خوراک دی جارہی ہے اور آکسیجن لگی ہوئی ہے احباب جماعت سے صحت کاملہ وعاجلہ کیلئے عاجزانہ درخواست دعا ہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں صحت وسلامتی والی لمبی عمر سے نوازے۔ نومولودہ شوکت میموریل ہسپتال میں ہے۔ درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے صحت وسلامتی والی لمبی عمر سے نوازے۔ نیک خادمہ دین اور ماں باپ کی آنکھوں کی ٹھنڈک بنائے اور خاندان بھر کیلئے مبارک وجود ہو۔ آمین

مکرم محمد سرور صاحب کارکن نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کی اہلیہ محترمہ امۃ القدوس صاحبہ گزشتہ چند مہینوں سے پھیپھڑوں کی خرابی کی وجہ سے شدید بیمار ہیں اسی طرح خاکسار کے خسر مکرم قاضی جمیل احمد جاوید صاحب ملتان بھی شدید بیمار ہیں ان دونوں کی شفایابی کیلئے دعا کی عاجزانہ درخواست ہے۔

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

برصغیر پاک و ہند میں اولیاء کی دعوت الی اللہ اور دینی خدمات

اولیائے کرام اور صوفیا اللہ کی مخلوق کو راہ راست پر لانے کے لئے کسی حکومت کے دست نگر نہ بنے

(قسط اول)

مکرم پروفیسر سعود احمد خان صاحب

برعظیم پاک و ہند میں دعوت الی اللہ یہاں کی سیاسی تاریخ کے ساتھ ایک متوازی جدوجہد ہے- یہ اس وجہ سے کہ اولیاء اللہ جن کو عام طور پر صوفیا بھی کہا گیا ہر زمانہ میں بڑی کثرت سے ہوئے اور انہوں نے تعلق باللہ کے لئے مخلوق خدا کو راہ راست پر لانے کے کام کو زاہدانہ اشغال کے برابر کی عبادت سمجھا- اس لئے ان کی کوششیں اور کارنامے کسی صورت میں دیگر تاریخی واقعات سے تعداد اور اہمیت میں کم دکھائی نہیں دیتے ہیں- نیز اس وجہ سے کہ دعوت الی اللہ کا کام کلیۃً اولیاء کرام نے اس طرح ازخود سرانجام دیا کہ اس میں کسی حکومت یا بادشاہ کے دست نگر ہونے کی ضرورت محسوس نہ کی بلکہ بسا اوقات ان کو بادشاہوں اور حکومت کی مداہنت کی پالیسی کے برخلاف کام کرنے سے ان کی ناراضگی بھی مول لینا پڑی- اس طرح ان کی کوششیں ملک کی عام سیاسی تاریخ میں شامل نہیں سمجھی جاسکتیں-

دعوت الی اللہ کی ابتداء

اس میں شک نہیں کہ محمد بن قاسم کی آمد سے بھی پہلے برعظیم پاک و ہند میں اسلام کی ابتدا تاریخی طور پر ثابت ہے نزہۃ الخواطر جلد اول (صفحات 147 تا 157) کے مطابق کسی بابا رتن ہندی کا ذکر امام ذہبی اور بعض دوسرے مصنفین نے کیا ہے- یہ بابا صاحب بٹھنڈہ مشرقی پنجاب میں پیدا ہوئے تھے- نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور حاضر ہوئے- حضورؐ نے ان کو درازی عمر کی دعا دی- واپس آئے اور اپنے وطن میں فوت ہوئے- اگر یہ روایت درست ہے تو حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا ضرور مثمر بثمرات حسنہ ہوئی- اس کے علاوہ ایران کی فتح کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ (13 تا 24ھ) کے عہد خلافت میں ہی مسلم عساکر اسلامی فتوحات کو مستحکم بنانے کے لئے ان ہمسایہ علاقوں میں بھی چلی گئی تھیں جہاں ایرانی فوجیں پناہ گزیں ہوئیں- یا باغی قبائل ہتھیار ڈالنے کی بجائے بھاگ جاتے تھے- اس طرح افغانستان اور پاکستان میں بلوچستان کے مکران کے ساحل پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں مسلمان آنے لگے تھے- بایں ہمہ اسلام کا نمایاں اثر و نفوذ تو بہرحال محمد بن قاسم (712ء) کے معرکۂ سندھ کے بعد ہی ہوا- قطع نظر تعمیر مسجد اور دیگر تبلیغی کوششوں کے نئی حکومت میں عدل وانصاف رعایا پروری اور امن وامان یہ سب خوبیاں ایسی تھیں جو مقامی آبادی کے لئے ان کی اپنی حکومت سے بدرجہا بہتر تھیں اور دراصل یہ بھی تبلیغ و اشاعت اسلام کے لئے نہایت کامیاب گر ہے-

حضرت عمر بن عبدالعزیز (99 تا 101ھ) ایک ایسے اموی خلیفہ تھے جن کو وسعت مملکت کے ساتھ ساتھ اشاعت اسلام کا بھی خیال رہتا تھا- اپنے چار سالہ مختصر دور میں انہوں نے علاقائی والیوں یا صوبہ داروں کو باقاعدہ اس ضمن میں احکامات بھیجے تھے اور مؤرخ بلاذری کے بیان کے مطابق بعض ہندو شاہزادے بھی ان کی دعوت پر اسلام سے مشرف ہوئے-

(فتوح البلدان)

اسلام ایک زندہ مذہب ہے اس کی تجلیات بھی ہمیشہ زندہ و تابندہ رہنے والی ہیں- اس لئے جہاں محمد بن قاسم اور اس کے بعد کے حکمران حکومت کے ساتھ اسلام کو سندھ اور ملحقہ علاقوں میں مضبوط کر رہے تھے- تھامس آرنلڈ کی کتاب Preaching of Islam (دعوت اسلام) کے مطابق ہندوستان کے ملک میں جس کو مؤرخ بلاذری نے شمال مشرق میں کشمیر- جنوب مغرب میں ملتان اور شمال مغرب میں کابل کا درمیانی علاقہ بتایا ہے- وہاں کے راجہ کا بیٹا بیمار ہو گیا- اس نے اپنے پنڈتوں اور پروہتوں سے درخواست کی کہ وہ دیوی دیوتاؤں سے اس کی صحت کے لئے دعا کریں- انہوں نے دعا کی اور بتایا کہ دیوتاؤں نے دعا قبول کر لی ہے- اس کو صحت ہو جائے گی- لیکن لڑکا مر گیا- غم وغصہ میں راجہ نے مندر پر حملہ کر کے اس کو تباہ کر دیا- بت توڑ ڈالے- اور پروہتوں کو قتل کر دیا- پھر اس نے مسلمان تاجروں کی ایک جماعت کو بلایا جو تجارت کے ساتھ ساتھ تبلیغ بھی کیا کرتے تھے ان سے اسلام کے متعلق معلومات حاصل کیں- اور توحید کا اقرار کر کے اسلام کو قبول کر لیا- معلوم ہوتا ہے کہ پروہتوں اور پنڈتوں نے راجہ کو اسلام سے دور رکھنے کی کوششیں کی ہوں گی اور مسلمانوں کی تبلیغ میں رکاوٹیں ڈالی ہوں گی- جبکہ وہ ملک میں پرامن تجارت اور دعوت الی اللہ میں مشغول تھے- اب راجہ کو اپنی بے اعتنائی اور پنڈتوں اور پروہتوں کے نامناسب رویہ پر ندامت ہوئی اور وہ اسلام کی طرف مائل ہوا لیکن اللہ تعالیٰ کی قہری تجلی دیکھ کر-

محمد بن قاسم سے محمود غزنوی تک

محمد بن قاسم کے زمانہ سے محمود غزنوی تک نہ صرف سندھ بلکہ تمام مغربی ساحل پر یعنی بلوچستان مکران کے ساحل سے لے کر جنوب میں مالا بار اور حتیٰ کہ سری لنکا تک مسلمان دعوت الی اللہ کے مبارک کام میں منہمک رہے- ان بزرگوں میں جنہوں نے اسلام کی شمع برصغیر میں علم وعرفان کی بنیاد پر روشن کی نہ کہ جنگ و جدل کے نتیجہ میں- پہلا نام ربیع بن صبیح البصری کا ملتا ہے جو یہاں آئے- یہ تابعی تھے- ابن سعد طبقات میں بتاتا ہے کہ وہ یہیں سندھ میں فوت ہوئے اور سندھ میں ہی دفن ہوئے- ایک اور صاحب شیخ ابوتراب تبع تابعی بھی ہیں- جو خلافت عباسی کے دور میں سندھ آئے اور بھکر مغربی سندھ میں ان کا مزار آج بھی زیارت گاہ بنا ہوا ہے- بلکہ ان معرکوں میں جو ان کے اور اسلام کے دشمنوں کے درمیان ہوئے اللہ تعالیٰ نے خاص کراماتی انداز میں ان کی مدد فرمائی کیونکہ بعض تذکروں میں ان کو اس علاقہ کا قلعہ دار بھی بتایا گیا ہے- گویا وہ فوجدار تھے- اور حکومت کی طرف سے باغیوں اور دشمنوں کے مقابلہ پر بھی مامور تھے-

(تحفۃ الکرام جلد 3 ص 26)

سندھ میں دعوت الی اللہ

یہ ابتدائی آنے والے پیشہ کے لحاظ سے تاجر بھی تھے- کیونکہ باقاعدہ تبلیغی مشن تو قائم نہ تھے اور نہ ہی آمدورفت رسل ورسائل کی سہولتیں میسر تھیں- اس لئے ذریعہ معاش تجارت تھی- تبلیغ کے شوق میں عالم دین بھی اور اللہ سے لو لگانے والے بھی تھے- انہی کی دعوت کا نتیجہ تھا کہ مقامی لوگ نہ صرف مسلمان ہوئے بلکہ علم دین بھی حاصل کیا- اور پھر عرب کے ملکوں میں جا کر اپنے علم وفضل کا لوہا منوایا- قاضی عبدالکریم سمعانی کی مشہور کتاب الانساب میں کئی ایسے علمائے حدیث کے نام ملتے ہیں جو سندھی تھے یا ہندوستان کے مغربی ساحل کے رہنے والے تھے- ایک صاحب ابومعشر نجیح سندھی تھے- نومسلم ہوتے ہوئے حصول علم کے لئے بیرون برصغیر گئے اور مدینہ منورہ میں لمبے قیام کی وجہ سے مدنی مشہور ہو گئے- اور پھر بغداد میں فن مغازی وسیر میں امام سمجھے گئے- ان کی وفات 170ھ میں ہوئی اور خود خلیفہ ہارون رشید نے ان کی نماز جنازہ پڑھائی-

ابتدائی داعیان الی اللہ کی کوششوں سے اسلام سندھ اور دیگر علاقوں میں اس قدر زور پکڑ گیا- کہ نو مسلموں میں اہل اللہ بھی پیدا ہوئے- یعنی داعیان الی اللہ نومسلموں کی تربیت میں بھی کوتاہی نہ کرتے تھے- بلکہ اس کو اپنی دعوت کے فریضہ کا اہم جزو سمجھتے تھے- یہاں تک کہ جامی کی نفحات الانس میں لکھا ہے کہ حضرت بایزید بسطامیؒ جیسے ولی اللہ نے علم فنا اور توحید ابوعلی سندھی سے حاصل کیا-

سری لنکا و مالدیپ میں دعوت حق

سری لنکا کو ابتدا میں برعظیم کا ہی حصہ سمجھا جاتا تھا بلکہ جزائر مالدیپ اور برما تک سب ایک ہی علاقہ تھا- سری لنکا کے ایک بادشاہ نے مسلمان تاجروں کی دعوت پر اپنا ایک نمائندہ مدینہ منورہ بھیجا- حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا زمانہ تھا- یہ نمائندہ اپنے نوکر کے ساتھ اسلام اور آنحضرت رسول مقبول ﷺ کی پاکیزہ زندگی کے حالات سے متعلق معلومات لے کر واپس لوٹا- راستے میں فوت ہو گیا- نوکر نے تمام معلومات وطن پہنچائیں- عجائب الہند کا مصنف بتاتا ہے کہ یہی وجہ ہے کہ لنکا میں لوگ مسلمانوں کے ساتھ محبت کا میلان رکھتے ہیں-

مالدیپ کے بارے میں ابن بطوطہ نے ایک حکایت لکھی ہے کہ وہاں ہر مہینہ ایک بلا سمندر سے ظاہر ہوتی اور یہاں کے لوگ اس سے بچنے کے لئے ایک لڑکی کو بناؤ سنگھار کر کے اس کے حوالے کر دیتے- اس مصیبت سے اہل جزائر کو اس طرح نجات ملی کہ مراکو کے ایک بزرگ شیخ ابو برکات بربری مغربی یہاں آئے- دعا کی تو اللہ تعالیٰ نے اس بلا کا خاتمہ کر دیا اور اس کا ظاہر ہونا بند کر دیا- اس پر وہاں کا راجہ مع اپنی رعایا کے مسلمان ہو گیا- اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ داعیان الی اللہ واقعی اہل اللہ تھے- یعنی وہ جس جذبہ کے داعی تھے اس سے زیادہ ان میں تقویٰ طہارت اور زہد وتعبد پایا جاتا- کہ اللہ تعالیٰ ان کی دعائیں بھی سنتا اور ان کے ذریعہ اپنے دین کے نشانات وکرامات سے تائید فرماتا تھا- تحفۃ المجاہدین مصنفہ شیخ ترین الدین کے مطابق تاجروں کے ذریعہ ان علاقوں میں تبلیغ اسلام کو فروغ دینے کی تجویز بھی ایک مالا باری بادشاہ کی تھی جو اسلام لانے کے بعد خود عرب گیا- وہیں وفات پائی اور پھر اپنے جانشین اور اہل وطن کو وصیت میں لکھا کہ ان تاجروں کے ساتھ نیک سلوک کیا جائے- پس شروع میں تو تاجر ہی آئے جو عابد وزاہد

بھی تھے۔اور جب ان کے ذریعہ اللہ تعالیٰ نے تائیدی نشان دکھائے تو اہل اللہ صوفیا جن کے لئے قرآن مجید میں اولیاء اللہ کی اصطلاح بھی بیان ہوئی بھی اس طرف مائل ہوگئے۔

شمال مغربی علاقوں سے اہل اللہ کی ہجرت

محمود غزنوی (998 تا 1030ھ) کے حملوں کی وجوہات چاہے کچھ رہی ہوں ان کے ساتھ غزنی افغانستان اور ترک علاقوں سے نقل مکانی شروع ہو گئی۔ان میں بہت سے اولیاء اللہ بھی یہاں تشریف لائے اور دعوت الی اللہ کے نیک فریضہ میں ایک نیا جوش وولولہ پیدا ہو گیا۔خود محمود غزنوی کے بھانجے حضرت مسعود غازی بھی ایک ولی اللہ تھے۔صوبجات متحدہ میں بھیرائچ کے مقام پر شہید ہوئے اور وہیں دفن ہوئے۔ان کو تذکروں میں سید الشہدا کے لقب سے یاد کیا جاتا ہے۔معلوم ہوتا ہے کہ وہ کوئی خدا رسیدہ بزرگ تھے اور ان کی قبر داتا گنج بخش سے قبل ہی اپنے علاقہ میں زیارت گاہ بن چکی تھی۔ ان کی وفات 1033ء میں ہوئی جبکہ داتا صاحب 1072ء میں فوت ہوئے۔

(آب کوثر طبع دوم 1987ء ص 74 تا 76)

اسی غزنوی دور میں ایک بزرگ شیخ صفی الدین گارزونی تھے۔ یہ 962ء میں پیدا ہوئے اور 1004ء میں وفات پائی۔اچہ میں مدفون ہیں۔ یہ اپنے ماموں کے ارشاد پر ہندوستان آئے۔ حضرت نظام الدین اولیا کے ملفوظات فوائد الفواد میں ہے کہ ایک دفعہ ایک جوگی ان کے پاس آیا اور کرامت دکھانے کا طالب ہوا۔انہوں نے کہا تم نے مقابلہ کی دعوت دی ہے پہلے کرامت تم دکھاؤ۔ چنانچہ جوگی نے کوئی شعبدہ دکھایا۔ حضرت صفی الدین گارزونی نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ یا اللہ یہ تو تیرے دین سے بے گانہ ہے پھر اس کو یہ طاقت ہے۔ مجھ کو بھی اس کے مقابلہ کی طاقت عطا فرما۔اور پھر آپ نے قبلہ رخ ہو کر اڑنا شروع کر دیا تو چاروں طرف چکر لگائے اور نیچے اتر آئے۔ جوگی نے شکست تسلیم کی۔ اس طرح شیخ صفی الدین کے ذریعہ اچہ کے علاقہ میں اسلام پھیلا۔ ایسی کرامتیں بظاہر ان ہونی نظر آتی ہیں۔ نیز کسی کے ہوا میں اڑنے یا نہ اڑ سکنے کی اسلام یا انسانیت کو کیا نفع اور کیا نقصان۔ لیکن پھر بھی اس کی توجیہ کی جاسکتی ہے کہ یہ شیخ صفی الدین کا کشف ہو۔جس میں خود جوگی بھی شریک ہوا۔اور پھر اس کو اپنے باطل پیر ہونے کا اقرار کرنا پڑا۔

غزنوی دور اور لاہور

غزنوی دور میں لاہور کو بہت اہمیت حاصل ہوئی۔ اس کو چھوٹا غزنی کہا جانے لگا۔ اہل غور نے جب غزنی فتح کیا تو لاہور غزنوی حکومت کا پایۂ تخت بھی بن گیا تھا۔ غزنوی دور میں ایک بزرگ سید اسمٰعیل بخارا سے یہاں تشریف لائے اور 1005ء میں دعوت الی اللہ کا فریضہ ادا کرنا شروع کیا۔ ان کے یہاں آنے کا کیا سبب بنا۔ تذکرہ نگار اس بارے میں خاموش ہیں۔ البتہ یہ بتایا جاتا ہے کہ ان کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک خاص حسن بیان ودیعت ہوا تھا۔ جہاں وعظ فرماتے سننے والے گرویدہ ہو جاتے۔ تذکرۂ علمائے ہند میں لکھا ہے۔ کہ محدثین اور مفسرین میں نہایت اعلیٰ مرتبت لوگوں میں شامل تھے۔ وہ پہلے شخص تھے کہ ان کی وجہ سے علم تفسیر اور حدیث کی لاہور میں ابتداء ہوئی۔ ان کی مجلس وعظ میں شرکت کرنے سے ہزاروں لوگوں کو اسلام کو قبول کرنے کا شرف حاصل ہوا۔ چار سو اڑتالیس ہجری میں لاہور ہی میں انتقال کیا۔

جب شیخ اسمٰعیل لاہور تشریف لائے تو تیسرے جمعہ کے روز ایک ہزار افراد توحید پرستوں یعنی مسلمانوں میں شامل ہوگئے۔

یہاں بھی یہ بات قابل غور ہے کہ ان نومسلموں کی اتنی بڑی تعداد کے باوجود ان کی تعلیم و تربیت کا بھی ایسا طریقہ اختیار کیا گیا کہ ان میں سے صاحب عرفان بھی پیدا ہوئے۔ بعض علماء وصلحاء میں شمار ہوئے۔ چنانچہ کتاب الانساب میں علامہ سمعانی نے ایک صاحب ابو الحسن علی بن عمر بن حکم لاہوری کا ذکر کیا ہے۔ جو عربی زبان کے ادیب اور شاعر ہونے کے علاوہ محدث بھی تھے اور بغداد میں جا کر وہاں اپنا درس جاری فرمایا ان کے شاگرد عبدالصمد لاہوری ثمر قند میں مدرس حدیث ہوئے۔

شیخ اسمٰعیل کا مزار لاہور میں ہال روڈ پر کیتھڈرل سکول کے دروازے کے ساتھ ایک تھڑے پر ہے۔

حضرت داتا گنج بخشؒ

دوسرے بزرگ جنہوں نے لاہور کو اپنے قدوم میمنت لزوم سے برکت بخشی حضرت داتا گنج بخشؒ ہیں۔ نام ان کا شیخ علی ہجویری تھا۔ 1009ء میں افغانستان میں غزنی کے علاقہ ہجویر میں پیدا ہوئے۔ سلطان مسعود غزنوی (1030 تا 1040) کے اخیر عہد میں اپنے دو ساتھیوں کے ساتھ لاہور میں وارد ہوئے۔ آپ کے پیرومرشد نے آپ کو لاہور جانے کا ارشاد فرمایا۔ آپ اس وقت اس بات کو نہ سمجھ سکے۔ کیونکہ وہاں پہلے سے ایک اور پیر بھائی دعوت الی اللہ کے پاک فریضہ میں مشغول تھے۔ جب داتا صاحب لاہور پہنچے تو لوگ انہی کا جنازہ بغرض تدفین لئے جا رہے تھے۔ اب پیر کے ارشاد کی مصلحت سمجھ میں آئی۔ ان کے بارے میں کتابوں میں اختلاف ہے کہ کون بزرگ تھے۔ بعض کسی زنجانی صاحب کا بھی نام لیتے ہیں۔ بعض زنجانی صاحب کی آمد داتا صاحب کے بعد بتاتے ہیں۔

داتا صاحب کی تبلیغ سے لاہور کا حاکم جس کو مودود بن مسعود (1040ء) نے نائب مقرر کیا تھا اسلام سے مشرف ہوا اور آپ کے عطا کردہ عرف شیخ ہندی کے نام سے تاریخ میں معروف ہے۔ آپ نے جس جوش و خروش اور جذبۂ حق کے ساتھ تبلیغ دین متین کا حق ادا کیا اس کا اظہار آپ کے اشعار سے یوں ہوتا ہے۔

ترجمہ: اے خدا میں اپنے دل و جان میں تیرا سوز رکھتا ہوں اور تیرے عشق میں ہر طرف صدا دے رہا ہوں۔ یعنی تجھ کو پکار رہا ہوں۔ اے علی تو خوش قسمت ہے بستیوں اور ویرانوں میں اپنے عشق کے تقاضہ میں صلائے عام کر یعنی محبوب کا پیغام پہنچا۔

آپ کو یہ اعزاز بھی حاصل ہے کہ آپ صاحب تصنیف بزرگ تھے۔ آپ کی تصانیف میں کشف المحجوب کو اسلامی لٹریچر میں ایک خاص مقام حاصل ہے۔ وہ نہ صرف تصوف کی ابتدائی کتابوں میں سے ہے۔ بلکہ اس مضمون پر نہایت مبسوط اور وقیع سمجھی جاتی ہے۔ مشہور برطانوی مستشرق پروفیسر نیکلسن نے اس کا انگریزی ترجمہ کیا ہے۔ آپ کو تصوف پر قلم اٹھانے کی ضرورت اس لئے محسوس ہوئی کہ عام طور پر تصوف کو شریعت کے متوازی چیز سمجھ کر سست اور کاہل تن آسان لوگ ذمہ داریوں سے راہ فرار اختیار کرتے ہیں۔ آپ نے ان تصانیف کے ذریعہ شریعت کے عین مطابق انابت الی اللہ کے طریقوں پر مفصل بحث کی ہے۔ یہ آپ ہی کے علم وفضل کا اثر معلوم ہوتا ہے۔ کہ اس زمانہ میں جبکہ علم حدیث عالم اسلام میں پوری طرح نہ پھیلا تھا اور لوگ اپنے اپنے مرشد کے پیچھے ہی چلنے میں ذریعہ نجات سمجھتے تھے۔ لاہور میں اہل علم حضرات کو حدیث کا شوق پیدا ہوا اور غزنوی دور میں ہی امام حسن صغانی جیسے بزرگ پیدا ہوئے جنہوں نے حدیث کی کتاب مشارق الانوار کو مرتب کیا۔ جس کی تدریس پھر دو تین صدیوں تک برعظیم میں جاری رہی تا آنکہ شاہ جہاں (1627ء۔ 1658ء) کے ابتدائی دور میں شاہ عبدالحق محدث دہلوی نے لمبا عرصہ حجاز مقدس میں قیام سے واپس آ کر بخاری شریف کے درس کو برعظیم پاک و ہند میں رواج دیا۔

کچھ اور داعیان حق

غزنوی دور میں ایک بزرگ سید احمد توختہ ترمذ سے لاہور آئے۔ آپ کے بارے میں تذکروں میں ہے۔ ہزارہا طالبوں نے آپ کے ذریعہ حق کو پہچانا۔

(آب کوثر۔ از شیخ محمد اکرام)

602ھ میں آپ کا انتقال ہوا۔

ایک اور بزرگ سید یعقوب زنجانی 535ھ میں ترکستان سے لاہور آئے اور 604ھ میں وفات ہوئی۔ لیکن ان کی وفات سے کافی پہلے 574ھ میں ایک اور بزرگ عزیز الدین یہاں پہنچ چکے تھے۔ یہ وہ دور تھا جب لاہور غزنوی حکومت کا پایۂ تخت تھا۔ خود غزنی پر غوریوں کا قبضہ تھا۔ شیخ عزیز الدین کے زمانہ میں لاہور کو محمد غوری کے حملہ کا خطرہ پیدا ہوا۔ غزنوی بادشاہ 1040ء نے شیخ سے دعا کی درخواست کی۔ انہوں نے دعا کی اور اس کے بعد کہا فکر کی بات نہیں واقعی محمد غوری لاہور کو چھوڑ کر سیالکوٹ کی طرف نکل گیا۔ شیخ عزیز الدین نے 63 سال دعوت حق دی اور بے شمار لوگوں نے آپ کے دست حق پر اسلام قبول کیا۔ 612ھ میں آپ کی وفات ہوئی۔

ایک صاحب سید مٹھا ابن غفار لاہوری تھے۔ ان کے والد خوارزم سے لاہور آئے۔ اللہ تعالیٰ نے سید مٹھا کی زبان میں اس قدر اثر رکھا تھا کہ جو ان کی تبلیغ سنتا اس کو قبول کئے بغیر نہ رہتا۔ اس لئے یہ سید مٹھا مشہور ہوگئے۔ یعنی میٹھی زبان و بیان والے بزرگ۔

(آب کوثر ص 85`86 طبع 2۔ 1987ء)

حضرت سلطان سخی سرورؒ

حضرت داتا صاحب کے بعد حضرت سلطان سخی سرور کا نام آتا ہے۔ جن کا اصل نام سید احمد تھا۔ آپ ضلع ملتان کے کسی گاؤں کرسی کوٹ میں پیدا ہوئے تھے۔ لیکن علم وعرفان کا شوق ان کو بیرون ملک لے گیا۔ بغداد میں حضرت غوث اعظم شیخ عبدالقادر جیلانی اور حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی رحمہما اللہ سے فیض پایا۔ واپس آ کر وزیر آباد کے پاس سوہدرہ میں اقامت گزیں ہوئے۔ جہاں لوگ بڑی کثرت سے آپ کے پاس دعا اور برکت کے لئے حاضر ہوا کرتے۔ اور بامراد واپس جاتے۔ اسی لئے آپ سلطان سخی سرور کے نام سے مشہور ہوئے۔ پھر واپس وطن ملتان کی طرف آئے۔ حاکم ملتان نے اپنی بیٹی کی شادی آپ کے ساتھ کر دی۔ لیکن یہ شادی سیاسی رقابتوں کی نظر ہوگئی۔ وطن جانے سے قبل آپ مشرق میں لدھیانے تک گئے اور غیر مسلموں کو دعوت الی اللہ کی۔ (سرکاری گزیٹر جالندھر ص 12)

ہندوؤں میں جو آپ سے عقیدت رکھتا۔ اس کو سلطانی کہا جاتا ہے۔ یہ لوگ گوشت خور تھے۔ جس کو ابتداء میں مسلمانوں کی طرح ذبح کر کے کھاتے تھے۔ 1947ء تک دہلی اور مشرقی پنجاب میں ایسے ہندو موجود تھے جو گوشت کھاتے تھے۔ ان کو کاٹستھ کہا جاتا تھا۔ چونکہ سلطان سخی سرور زیادہ عرصہ ان کے ساتھ نہ رہ سکے اس لئے ان کی تربیت نہ ہوسکی۔ شاید اسلام سے اتنی یگانگت ان لوگوں کی اولاد میں سکھ مذہب کے رنگ میں ظاہر ہوئی۔ کیونکہ جالندھر اور لدھیانہ کے سلطانی ہندو رفتہ رفتہ سکھ مذہب قبول کرتے رہے۔

احساس تشکر

ایک دفعہ حضرت مسیح موعود کے قریب کے مکان میں کسی شادی کی تقریب پر ایک رقاصہ منگوائی گئی جو رات بھر ناچتی رہی۔ آپ کو خبر ہوئی آپ نے دریافت کیا کہ اس کو رات بھر کیا ملا ہے۔ معلوم ہوا صرف پانچ روپے۔ صبح فرمایا کہ میں تو رات بھر شرمندہ ہی رہا کہ یہ پانچ روپے کے واسطے کتنی محنت کر رہی ہے؟ ہم اللہ تعالیٰ محسن، مربی سے ہزار در ہزار لاتعداد و لاانتہا تحفے اور انعام پا کر اتنی محنت نہیں کرتے۔ اسی طرح میں جب رات کو چوکیدار کی آواز سنتا ہوں تو شرمندہ ہو جاتا ہوں کہ چار پانچ روپے ماہانہ پا کر یہ رات بھر پہرہ دیتا ہے۔ چھوٹی راتوں میں آرام نہیں کرتا۔ سردی، بارش کی پرواہ نہیں کرتا۔ ہم اس کے بالمقابل کس قدر غافل سوتے ہیں۔ انسان خود ہی اپنے دل میں انصاف کرے۔"

(الفضل 6/اگست 1998ء)

ٹالسٹائی کی ایک شاہکار کہانی

دو گز زمین

روس کے ایک قصبے میں ایک شخص رہتا تھا۔اس کا نام پیخوم تھا۔ وہ بڑا خودغرض اور لالچی آدمی تھا۔اس کے پاس اپنی گزر بسر کے لئے کافی زمین تھی۔اس کے باوجود اسے یہی فکر لگی رہتی تھی کہ کسی طرح سارے گاؤں کی اچھی سے اچھی زمین اس کے ہاتھ آجائے۔

ایسا اتفاق ہوا کہ ایک دن اس گاؤں سے ایک مسافر گزر رہا تھا۔ پیخوم سے اس کی ملاقات ہوگئی۔وہ مسافر کو اپنے گھر لے گیا اور اس کی خوب خاطر تواضع کی۔مسافر نے باتوں باتوں میں پیخوم کو بتایا کہ اس نے بشکیر فرقے کے لوگوں سے زمین خریدی ہے اور وہ وہیں سے آرہا ہے۔

پیخوم: زمین کیسی ہے اور کتنی قیمت تم نے اس زمین کی دی؟

مسافر: زمین بہت اچھی ہے اور بہت سستی بھی ہے۔مجھے تو پانچ آنے فی ایکڑ پڑی۔

پیخوم: یہ تو کوڑیوں کے مول تم نے زمین حاصل کرلی۔کیا بشکیر فرقے کے لوگوں کے پاس ابھی اور زمین فروخت کرنے کے لئے ہے؟

مسافر: ہاں ان کے پاس ہزار ہا ایکڑ زمین ہے اور شاید سب فروخت کرنے کے لئے ہی ہے۔

پیخوم: تو مجھے ان کے علاقے میں زمین مل سکتی ہے؟

مسافر: ہاں، ضرور مل سکتی ہے۔ان کے لئے کچھ تحفے لیتے جانا۔

پیخوم: کیا تم نے بھی کچھ تحفے دیئے تھے؟

مسافر: ہاں میں تو کچھ کپڑا اور قالین اور چائے لے گیا تھا۔ چائے سے وہ بہت خوش ہوتے ہیں۔ان کے علاقے میں چائے نہیں ملتی۔

پیخوم: میں وہاں ضرور جاؤں گا اور زمین خریدوں گا۔مجھے ان لوگوں کی بابت کچھ اور باتیں بتایئے؟

مسافر: بشکیر لوگوں کا علاقہ بہت وسیع ہے اور بہت دور تک پھیلا ہوا ہے۔وہ لوگ بہت بھولے اور سیدھے سادے ہیں، بالکل بچوں کی طرح۔

غرض پیخوم نے مسافر سے بشکیر علاقے کے سب حالات معلوم کر لئے اور یہ بھی معلوم کرلیا کہ اس علاقے میں کس راستے سے پہنچنا ہوگا۔

اب پیخوم اپنے کھیتوں کی دیکھ بھال کا کام اپنی بیوی کے سپرد کرکے، اور ایک نوکر ساتھ لے کر بشکیر کے لوگوں کے علاقے کی طرف روانہ ہوا۔ پہلے وہ قریب کے ایک شہر میں پہنچے اور کچھ تحفے مثلاً کپڑا، قالین، چائے، اور چند چیزیں خریدیں اور سفر پر روانہ ہوگئے۔تقریباً پانچ سو میل کا سفر طے کرنے کے بعد یہ لوگ خانہ بدوش بشکیروں کے علاقے میں پہنچ گئے جو دریا کے قریب ایک وسیع میدان میں خیمے لگا کر زندگی بسر کرتے تھے۔مسافر نے جو کچھ ان لوگوں کی بابت پیخوم سے کہا تھا وہ حرف بہ حرف صحیح نکلا۔

بشکیر عجیب لوگ تھے۔ وہ کھیتی نہیں کرتے تھے اور نہ ایک جگہ قیام کرتے تھے، بلکہ وسیع صحرائی میدانوں میں مویشیوں اور گھوڑوں کے گلے لئے پھرتے تھے۔آج یہاں ہیں، تو کل وہاں۔دن میں دو دفعہ وہ اپنی گھوڑیوں کا دودھ پیتے تھے اور اس سے پنیر اور کومیس (ایک قسم کی روسی شراب) بناتے تھے۔ بڑے زندہ دل، خوش خلق اور متواضع لوگ تھے۔بھیڑ بکریوں کو ذبح کرکے کھاتے، خوب کسرت کرتے، چائے اور کومیس پیتے اور ہر روز گاتے بجاتے اور عید مناتے تھے۔ یہ تندرست، نرم دل اور آزاد لوگ بڑے مسافر نواز تھے اور جیسے ہی انہوں نے پیخوم کو دیکھا، سب اس کے گرد اکٹھے ہوگئے اور گو وہ روسی زبان نہیں بول سکتے تھے، لیکن ان کے چہروں سے معلوم ہوتا تھا کہ اس کے آنے سے وہ بہت خوش ہوئے ہیں۔ اتفاق سے ان میں سے ایک آدمی روسی زبان بھی جانتا تھا۔اس نے ترجمان کے فرائض انجام دیئے۔اس ترجمان کی مدد سے پیخوم نے ان لوگوں پر اپنی اس خواہش کا اظہار کیا کہ میں آپ لوگوں کی کچھ زمین خریدنا چاہتا ہوں۔ترجمان نے بتایا کہ یہ لوگ آپ سے بہت خوش ہیں اور جو کچھ آپ چاہیں وہ دینے کے لئے تیار ہیں۔پیخوم نے کہا،''ہماری طرف زمین اچھی نہیں ہے، اس میں پیداوار بہت کم ہوتی ہے۔یہاں زمین بہت زرخیز معلوم ہوتی ہے، اس لئے میں چاہتا ہوں کہ مجھے یہاں تھوڑی سی زمین مل جائے۔'' ان لوگوں نے جواب دیا کہ''جتنی زمین آپ چاہیں پسند کرلیجیے، ہم آپ کو دے دیں گے۔'' اتنے میں بشکیروں کا سردار بھی آگیا۔ پیخوم نے اس کو عمدہ عمدہ کپڑے اور بہت سی چائے پیش کی۔سردار بہت خوش ہوا۔بشکیروں نے اسے بتایا کہ پیخوم ہماری کچھ زمین خریدنا چاہتا ہے۔سردار نے روسی زبان میں پیخوم سے کہا،''ہماری ضرورت سے بہت زیادہ زمین ہے، آپ جتنی چاہے لے سکتے ہیں۔''

پیخوم: میں آپ کا بہت شکر گزار ہوں کہ آپ نے میری درخواست قبول کرلی، لیکن جتنی زمین آپ مجھے دیں اگر اس کی لکھت پڑھت ہوجائے تو اچھا ہو، تاکہ بات پکی ہوجائے۔

سردار: ہم میں ایک آدمی ایسا ہے جو لکھنا جانتا ہے۔ وہ بیع نامہ لکھ دے گا۔ پھر شہر چل کر اس کی رجسٹری کرادیں گے۔

پیخوم: زمین کی قیمت کیا ہے؟

سردار: ہم نے قیمت سب کے لئے ایک ہی مقرر کررکھی ہے۔ایک دن کے سو پونڈ۔

پیخوم: میں سمجھا نہیں، ایک دن سے زمین کیونکر ناپی جائے گی۔

سردار: اس کا سمجھنا کیا مشکل ہے۔ایک دن میں جتنی زمین کے گرد آپ چکر کاٹ لیں، سو پونڈ میں وہ آپ کو دے دی جائے گی۔

پیخوم کو بڑی حیرت ہوئی، وہ کہنے لگا:''ایک دن میں تو بہت سی زمین کے گرد چکر لگایا جاسکتا ہے''۔

سردار: ہاں، جتنی زمین کے گرد آپ چکر لگا لیں گے، وہ آپ کی ہوجائے گی۔لیکن یہ بات یاد رکھیے کہ اگر آپ سورج غروب ہونے سے پہلے وہیں نہ پہنچ گئے جہاں سے آپ چلے تھے تو پھر آپ کو ایک انچ زمین نہ ملے گی اور آپ کا روپیہ ضبط ہوجائے گا۔

پیخوم: میں کس راستے جاؤں گا اور آپ کو کس طرح معلوم ہوگا کہ میں کتنی زمین کے گرد گھوم کر آیا ہوں۔

سردار: دیکھیے، میں خود وہاں موجود ہوں گا، جہاں سے آپ روانہ ہوں گے، آپ کے ساتھ ہمارے دو آدمی جائیں گے اور جہاں سے آپ گزریں گے، وہ آدمی وہاں بانس گاڑتے جائیں گے، آپ اپنا راستہ خود پسند کرلیں، بس اس کا خیال رکھیے کہ آپ سورج غروب ہونے سے پہلے جہاں سے روانہ ہوئے تھے، وہیں پہنچ جائیں۔ اس طرح چل کر جو دائرہ آپ بنائیں گے، اس کے اندر والی ساری زمین آپ کی ہوگی۔

پیخوم نے سردار کی شرطیں منظور کرلیں، اور یہ طے ہوا کہ اگلے دن صبح کو پیخوم زمین کے لئے روانہ ہوگا۔ بشکیر پیخوم کے کھانے پینے اور رات کو اس کے سونے کا انتظام کرکے چلے گئے۔

مگر پیخوم کو نیند بھلا کیسے آتی۔ وہ پڑا ہوا سوچ رہا تھا،''میں بڑا خوش قسمت ہوں۔اب ایک بہت بڑی جائیداد کا مالک بن جاؤں گا۔ آج کل دن بڑے ہوتے ہیں اور میں کل آسانی سے پچاس میل کا چکر لگا لوں گا۔اتنے بڑے چکر کا رقبہ دس ہزار ایکڑ سے کیا کم ہوگا! میں بڑا دولت مند بن جاؤں گا۔زمین کے سب سے اچھے حصے میں اناج بوؤں گا۔ باقی حصے میں مویشیوں کے لئے چارہ اگاؤں گا۔وہ ساری رات اسی قسم کے خیالی پلاؤ پکاتا رہا۔صبح ہوتے ہی اس کی آنکھ لگی تو اس نے بڑا پریشان کن خواب دیکھا۔اس نے دیکھا کہ بشکیروں کا سردار پاس کھڑا ہوکر قہقہے لگا رہا ہے اور پیخوم نے پوچھا کہ''کیا بات ہے آپ کیوں ہنس رہے ہیں؟'' مگر اب دیکھتا ہے تو وہ سردار نہیں تھا، بلکہ شیطان تھا جو زمین پر پڑی ہوئی کسی چیز کو دیکھ دیکھ کر بڑی زور سے ہنس رہا ہے۔پیخوم نے پاس پہنچ کر دیکھا تو زمین پر ایک مردہ پڑا ہوا تھا۔زیادہ غور سے اس مردے کو دیکھا تو یہ خود اس کی لاش تھی۔اس کے منہ سے ایک خوف ناک چیخ نکلی اور اس کی آنکھ کھل گئی۔ اس بھیانک اور مہمل اور بے سروپا خواب کے متعلق سوچ سوچ کر وہ بڑی دیر تک مسکراتا رہا۔پھر وہ اٹھا اور اپنے نوکر کو بلا کر اس سے کہا کہ بشکیروں کو جگادو۔

تھوڑی دیر کے بعد بشکیروں کا سردار اور بشکیر آگئے۔انہوں نے ناشتہ کیا اور پیخوم کو بھی چائے پیش کی، لیکن پیخوم بہت جلدی میں تھا، اس نے چائے نہیں پی، اور کہنے لگا،''دیر بہت ہوگئی ہے۔اب ہمیں زمین ناپنے کے لئے جانا چاہیئے۔''

قافلہ روانہ ہوا۔مشرق میں سورج نمودار ہو رہا تھا۔یہ لوگ ایک چھوٹی سی پہاڑی پر چڑھ کر رک گئے۔ سردار نے پکار کر کہا،''یہاں سے ہماری زمین شروع ہوتی ہے، تم جتنی زمین لے سکو لے لو''۔

پیخوم کی آنکھیں خوشی سے چمکنے لگیں۔تمام وسیع رقبے میں ہری ہری گھاس لہلہا رہی تھی۔سردار نے اپنی سمور کی ٹوپی اتار کر پہاڑی کی چوٹی پر رکھ دی، اور کہنے لگا،''یہی تمہاری منزل مقصود ہے۔یہی آکر تمہارا سفر ختم ہوگا۔زمین کی قیمت کا روپیہ میری ٹوپی میں رکھ دو، تمہارا آدمی یہیں موجود رہے گا، یہیں سے تم روانہ ہو گے اور یہیں تم واپس آؤ گے۔آج دن بھر میں جتنی زمین تم گھیر لوگے وہ سب تمہاری ہوجائے گی۔''

پیخوم نے روپیہ ٹوپی میں رکھ دیا اور اپنا بڑا کوٹ اتارا، اپنی پیٹی کسی، پانی کی بوتل پیٹی میں لٹکائی اور روانہ ہونے کے لئے تیار ہوگیا۔بشکیر فرقے کے دو آدمی اس کے ساتھ ساتھ چلے۔شروع شروع میں پیخوم بہت اطمینان کے ساتھ چلا اور ایک میل کا فاصلہ طے کرنے بعد اس نے بشکیروں سے کہا کہ یہاں ایک بانس گاڑ دو۔ جیسے جیسے وہ آگے بڑھتا رہا، اس کے قدم تیز ہوتے گئے۔ چلتے چلتے وہ رکا اور پیچھے مڑ کر دیکھا اور سوچنے لگا کہ میں نے تقریباً پانچ میل کا فاصلہ طے کرلیا ہے۔اب وہ پسینے میں ڈوب گیا تھا۔دھوپ تیز ہوگئی تھی۔زمین بہت اچھی تھی۔پیخوم نے سوچا کہ واپس چلنے سے پہلے کم از کم پانچ میل اور چلنا چاہیئے۔ مگر جیسے جیسے وہ آگے بڑھتا تھا، زمین زیادہ بہتر آتی جاتی تھی اور اس کا دل کسی طرح واپس ہونے کو نہ چاہتا تھا۔گرمی بہت زیادہ ہوگئی تھی اور اسے بہت پیاس معلوم ہو رہی تھی۔اس نے پانی کی بوتل کھولی اور غٹ غٹ ساری بوتل چڑھا گیا۔ایک بانس اور گڑوایا اور بائیں طرف مڑ گیا، گرمی برابر بڑھتی جارہی تھی۔اس نے سوچا کہ آرام کرلوں، مگر پھر خیال آیا کہ اگر میں آرام کرنے کے لئے رکا تو کہیں نیند نہ آجائے۔اور آگے بڑھا۔گرمی تیز ہوتی رہی۔اس کی تھکن بڑھتی رہی، مگر اس نے پروا نہ کی۔ اس نے خود کو مخاطب کرکے، کہا، پیخوم گھنٹہ بھر کی محنت اور ہے، پھر عمر بھر کا چین ہے''۔

کافی فاصلہ طے کرنے کے بعد وہ مڑنے ہی والا تھا کہ اس کی نظر ایک ہری بھری گھاٹی پر پڑی۔اس نے سوچا لاؤ اسے بھی گھیر لیں۔گھاٹی کو گھیر کے وہ پہاڑی

کی طرف واپس ہوا۔ اب دن ڈھل رہا تھا۔ اس نے تیزی سے قدم رکھنے شروع کئے، مگر اب اس کی ٹانگوں میں دم نہ تھا۔ پیر رکھتا کہیں تھا اور پڑتا کہیں تھا۔ کئی دفعہ گرتے گرتے بچا۔ اس وقت اسے دم لینے اور ستانے کی بڑی ضرورت تھی، مگر یہ اس کے لئے ناممکن تھا۔ سورج مغرب کی طرف برابر نیچے اتر رہا تھا۔ اس وقت پہلی دفعہ اسے خیال آیا، ”شاید میں نے لالچ میں بہت دیر لگا دی، ممکن ہے میں وقت پر نہ پہنچ سکوں، اے خدا! اگر ایسا ہوا تو پھر کیا ہوگا؟“ وہ بہت ہمت سے کام لے رہا تھا، لیکن پھر بھی آخر انسانی طاقت اور ہمت کی کوئی حد ہے۔ اب وہ لنگڑا کر چل رہا تھا۔ اس کے پیروں سے خون بہ رہا تھا۔ اس نے پانی کی خالی بوتلی، اپنے جوتے اور اپنی ٹوپی یہ سب چیزیں پھینک دیں۔ اس کے کپڑے پسینے میں تر تھے اور اس کے جسم سے چپک گئے تھے۔ اس کا منہ اور گلا بالکل خشک ہو گئے تھے اور اس کے سینے میں بھٹی سی جل رہی تھی۔ اس کے پھیپھڑے لوہار کی بھٹی کی طرح چل رہے تھے۔ اس کا دل اس طرح دھڑک رہا تھا، جیسے کوئی ہتھوڑے مار رہا ہو۔ ایسا معلوم ہوتا تھا، جیسے اب وہ کوئی دم کا مہمان ہے، لیکن اس کے باوجود وہ رکا نہیں۔

پہاڑی سامنے تھی، سورج غروب ہو رہا تھا۔ اگر وہ چند منٹ اور دوڑ سکے تو منزل پر پہنچ سکتا ہے۔ بشکیر اور ان کا سردار چیخ چیخ کر اس کی ہمت بندھا رہے تھے۔ وہ اپنے ہاتھ اونچے کر کے اسے بلا رہے تھے۔ اب سمور کی ٹوپی بھی اسے نظر آنے لگی۔ وہ لڑکھڑاتا ہوا، ڈگمگاتا ہوا پہاڑی پر چڑھا۔ سورج غروب ہو رہا تھا۔ اس نے ٹوپی تک پہنچنے کی ایک آخری کوشش کی اور چکرا کر زمین پر گر پڑا اور اپنے دونوں ہاتھ ٹوپی کی طرف پھیلا دیئے۔

”شاباش، شاباش!“ سردار نے چیخ کر کہا، ”تم نے بڑی محنت سے زمین حاصل کر لی۔“

پیخوم کا نوکر دوڑ کر اپنے مالک کو اٹھانے کے لئے آیا، مگر وہ مر چکا تھا۔ خون اس کے منہ سے بہ رہا تھا!

سردار نے مسکراتے ہوئے ٹوپی میں سے روپیہ اٹھایا اور بشکیروں کے ساتھ چلا گیا۔

اب نوکر پیخوم کی لاش کے پاس تنہا رہ گیا۔ اس نے ایک قبر کھودی اور اسے دفن کر دیا۔ قبر دو گز کی تھی۔

(بشکریہ ماہنامہ ہمدرد صحت کراچی۔ مارچ 2005ء)

الرجی

سباڈیلا۔ ایلیم سیپا

”سباڈیلا بھی دراصل موسم بہار ہی کی دوا ہے جب پھول کھل رہے ہوں۔ پھولوں کی خوشبو سے بعض لوگوں کو بہت چھینکیں آتی ہیں۔ ایسی فوری تکلیفوں میں سباڈیلا اچھا کام کرتی ہے۔ لیکن اگر خزاں کے موسم میں الرجی ہو اور بہت چھینکیں آئیں تو ایلیم سیپا (Allium Cepa) بہتر ہے۔“ (صفحہ: 723)

مونگ کی کاشت

افتخار احمد انور صاحب

انسانی زندگی میں دالیں لحمیات (Proteins) کا بہترین ذریعہ ہیں۔ مشاہدے سے معلوم ہوتا ہے کہ تقریباً دالوں میں 20 سے 25 فیصد لحمیات ہوتے ہیں۔ اور لحمیات کا بڑا ذریعہ گوشت ہے جو کہ دن بدن مہنگا اور عام آدمی کی قوت خرید سے دور ہوتا جا رہا ہے۔ پھر اسی نتیجہ کے تحت ہماری خوراک میں لحمیات کی مقدار کم تر ہو چکی ہے اور انسانی صحت کا معیار روز بروز گرتا جا رہا ہے۔ ملک کی بڑھتی ہوئی آبادی کی لحمیات کی ضرورت پوری کرنے اور روز مرہ کی خوراک کو متوازن بنانے کے لئے دالوں کی پیداوار میں اضافے کی ضرورت ہے۔

اہمیت

دالوں میں مونگ کو بڑی اہمیت حاصل ہے۔ اس وجہ سے بھی کہ یہ کم عرصہ میں تیار ہونے والی فصل ہے۔ حالیہ برسوں میں اس کی کاشت میں اضافہ ہوا ہے۔ جڑی بوٹیوں کی بہتات پیداوار میں کمی کا باعث بنتی ہے۔ مونگ کی دال درج ذیل طریقے سے کاشت کرنے سے پیداوار میں بھی اضافہ کیا جا سکتا ہے۔

آب و ہوا

مونگ کاشت کرنے کے لئے گرم مرطوب آب و ہوا لازمی ہے۔ ہمارے ملک میں عام طور پر مونگ کی فصل جولائی سے اکتوبر تک کاشت کی جاتی ہے۔ لیکن پانی والے علاقوں میں مونگ بہاریہ بھی کامیابی سے حاصل کی جا سکتی ہے اس کے ساتھ ہی سندھ کے صوبہ میں بہاریہ فصل نسبتاً زیادہ کامیاب ہے۔

ہمارے صوبہ میں کاشت کے بڑے علاقے میانوالی، جھنگ، سرگودھا، خوشاب، لیہ اور بھکر ہیں۔ صوبہ سرحد میں ہری پور، دیر، کُرم ایجنسی اور بلوچستان کے صوبہ بولان اور گوادر کے اضلاع میں بھی خاصے رقبے پر اس کی کاشت ہوتی ہے۔ صوبہ سندھ میں حیدر آباد سانگھڑ اور خیر پور شامل ہیں۔

اقسام

حکومت کی طرف سے مونگ کی منظور شدہ اقسام ذیل میں لکھی جاتی ہیں

AEM96` NM92` NM54` NIAB-28` NM51 چکوال مونگ 97 اور NM98 ہیں۔

یہ اقسام بیماریوں کے خلاف قوت مدافعت کی صلاحیت رکھتی ہیں۔ اور تقریباً ایک ہی وقت میں پک کر کاشت کے لئے تیار ہو جاتی ہیں۔ ان اقسام کے علاوہ باقی اقسام بیج کے دستیاب نہ ہونے اور پیداواری صلاحیت کم ہونے کی وجہ سے تقریباً متروک ہو چکی ہیں۔ بہار کے موسم میں کیڑے مکوڑوں کا حملہ فصل پر کم ہوتا ہے۔ اس لئے فصل میں کمی نہیں آتی۔ جن کے پاس موسم بہار میں خالی جگہ موجود ہو اور آب پاشی کے لئے پانی بھی میسر ہو۔ وہ یہ فصل کاشت کر سکتے ہیں۔

ہمارے ملک میں مونگ کی تقریباً 80 فیصد فصل موسم خریف میں کاشت کی جاتی ہے۔ زمین کے انتخاب کے حوالے سے مونگ کی فصل آبپاشی اور بارانی دونوں علاقوں میں کامیابی سے اگائی جا سکتی ہے۔ ریتلی میرا سے بھاری میرا زمین مونگ کی کاشت کے لئے موزوں ہے۔ بارش سے پہلے ایک دفعہ مٹی پلٹنے والا ہل اور بارش کے بعد وتر آنے پر دو دفعہ دیسی ہل چلا کر زمین کو اچھی طرح ہموار اور بھربھری بنائیں۔ چھوٹے چھوٹے بیجوں والی اقسام کے لئے آٹھ کلوگرام اور موٹے بیج والی اقسام کے لئے دس کلو گرام فی ایکڑ کے حساب سے بیج استعمال کیا جانا چاہئے۔ بیج صحت مند اور محکمہ زراعت سے منظور شدہ ہونا چاہئے۔ بہاریہ مونگ سے حاصل شدہ بیج اگر خریف میں اور خریف کا بیج آئندہ بہار میں استعمال کیا جائے تو بہتر روئیدگی حاصل ہوتی ہے۔ قطاروں کا درمیانی فاصلہ 30 سینٹی میٹر اور پودوں کا درمیانی فاصلہ 10 سینٹی میٹر ہونا چاہئے۔ پہلا پانی کاشت سے تین ہفتے بعد، دوسرا پھول آنے پر اور تیسرا پھلیوں میں دانے بننے کے وقت دینا چاہئے۔

جڑی بوٹیوں سے بچاؤ

جڑی بوٹیوں سے فصل کو نقصان پہنچتا ہے۔ اس سے بچنے کے لئے بجائی سے پہلے گہرا ہل چلانے سے کافی حد تک جڑی بوٹیوں کا تدارک کیا جا سکتا ہے۔ بالخصوص بارانی علاقوں میں ایسا کرنا زیادہ سود مند ہوگا۔ اس کے بعد فصل پر پھول آنے سے پہلے ایک گوڈی کر کے جڑی بوٹیوں کو ضرور تلف کرنا چاہئے۔ مونگ کی فصل کے لئے نائٹروجنی کھاد کی نسبتاً کم ضرورت ہوتی ہے۔ پھلی دار فصل ہونے کی وجہ سے نائٹروجن سے فائدہ اٹھاتی ہے۔ تاہم شروع میں فصل کو مطلوب نائٹروجن کی ضرورت پوری کرنے کے لئے بوقت بجائی 8 سے 10 کلوگرام نائٹروجن فی ایکڑ کے حساب سے استعمال کرنی چاہئے۔ فاسفورس کھاد کے استعمال پیداوار میں اضافے کے ساتھ ساتھ فصل کے جلد پکنے میں معاون ثابت ہوتا ہے۔ لہٰذا بیس سے پچیس کلو گرام فاسفورس فی ایکڑ ضرور استعمال کریں۔

کھاد کا استعمال

بائیو کھاد کی زمین میں موجودگی اس قدرتی زرخیزی کو نہ صرف برقرار رکھتی ہے بلکہ موافق حالات میں اسے بڑھاتی ہے۔ پھلی دار اجناس میں جرثومے ان کی جڑوں پر مخصوص قسم کے گھر بنا کر رہتے ہیں۔ جو فضا میں وافر مقدار میں 80 فیصد پودوں کے لئے ناقابل استعمال نائٹروجن کو قابل استعمال بنا کر نائٹروجنی ضروریات کو پورا کرتے ہیں۔ بعض حالات میں بچ جانے والی نائٹروجن اگلی فصل کے لئے کام آ جاتی ہے۔ دالوں کے مختلف پیداواری علاقوں میں حیاتیاتی کھاد کے استعمال سے ان کی پیداوار میں 15 سے 25 فی صد تک اضافہ ممکن ہے۔ ملک میں زرعی تحقیق کے کئی ادارے تجارتی بنیادوں پر مختلف اور دیگر پھلی دار اجناس کے لئے حیاتیاتی کھاد فروخت کر رہے ہیں۔

بیماریاں اور روک تھام

اب کچھ مونگ کی فصل کو لگنے والی بیماریوں کے بارے میں معلومات دی جاتی ہیں۔ سرکوسپوار (کینے سن) نامی پھپھوند کی وجہ سے پھیلتا ہے۔ اس بیماری کی علامات پتوں پر چھوٹے چھوٹے نیم گول اور بے ہنگم گہرے بھورے رنگ کے دھبوں کی شکل میں ظاہر ہوتی ہیں۔ ان دھبوں کے کنارے گلابی مائل بھورے ہوتے ہیں۔ اس مرض کے تدارک کے لئے متاثرہ پودوں کے خس و خاشاک تلف کر دیئے جائیں۔ اور قوت مدافعت رکھنے والی اقسام کاشت کی جائیں۔ اسی طرح کوڑھ کی بیماری ہے۔ اس کی علامات پودے کے تمام بالائی حصوں پر ظاہر ہوتی ہے۔ لیکن زیادہ تر حملہ پتوں اور پھلیوں پر ظاہر ہوتا ہے۔ پھلیوں پر دائرہ نما گہرے سفیدی مائل دھبے بن جاتے ہیں۔ اس مرض کا سبب ایک پھپھوند ہے۔ اس بیماری کی روک تھام کے لئے تندرست اور بیماری سے پاک بیج کاشت کیا جائے۔

پیلا چتکبری وائرس مونگ بین ییلو موزیک ایک وائرس جو رس چوسنے والے کیڑے سفید مکھی سے پھیلتی ہے۔ اس بیماری کی وجہ سے نوزائیدہ پتوں پر چھوٹے چھوٹے پیلے دھبے نمودار ہوتے ہیں۔ سبز اور پیلے دھبے آہستہ آہستہ بڑھنا شروع ہو جاتے ہیں۔ جو کہ چتری کی شکل اختیار کر لیتے ہیں شدید حملے کی صورت میں تمام کھیت پیلا نظر آتا ہے۔ چونکہ یہ مرض سفید مکھی کی وجہ سے پھیلتا ہے۔ اس لئے اس مرض کے تدارک کے لئے سفید مکھی کا خاتمہ ضروری ہے۔ جس کے لئے ڈائی میکران یا میٹاسٹاکس بحساب 1/4 لیٹر خالص زہر فی ایکڑ پندرہ دن کے وقفہ سے سپرے کریں۔ اسی طرح مونگ کی اس مرض کے خلاف قوت مدافعت رکھنے والی اقسام مثلاً این ایم 98، این ایم 92، چکوال مونگ 97 کاشت کریں۔ اسی طرح مختلف قسم کے کیڑے حملہ کرتے ہیں۔ اور پتوں کو چوستے ہیں ان سے بچاؤ کے لئے محکمہ زراعت سے رابطہ کریں۔ اور بھرپور فصل حاصل کریں۔

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 50386 میں شہزاد طاہر

ولد طاہر احمد قوم ٹھاکرے راجپوت پیشہ ...... عمر 23 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن 565 ر گ۔ب ضلع فیصل آباد بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 14-6-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد شہزاد طاہر گواہ شد نمبر 1 رانا عزیز اللہ خاں مربی سلسلہ گواہ شد نمبر 2 خرم گل چک نمبر 565 ر گ۔ب

مسل نمبر 50387 میں حمید اللہ

ولد پیدائش اللہ قوم بھٹہ پیشہ دوکاندار عمر 58 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن 565 ر گ۔ب ضلع فیصل آباد بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 1-7-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ 1۔ زرعی اراضی 4 کنال مالیتی -/110000 روپے۔ 2۔ مکان مالیتی -/22000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/3000 روپے ماہوار بصورت دوکانداری مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد حمید اللہ گواہ شد نمبر 1 محمد اسلم چک نمبر 565 ر گ۔ب گواہ شد نمبر 2 رفیع احمد 565 ر گ۔ب

مسل نمبر 50388 میں نصرت جہاں بیگم

زوجہ حمید اللہ ظفر قوم بھٹہ پیشہ خانہ داری عمر 58 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن 565 ر گ۔ب ضلع فیصل آباد بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 1-7-05 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ زرعی اراضی 3 کنال۔ اس وقت مجھے مبلغ -/1000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ از پسران مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ نصرت جہاں بیگم گواہ شد نمبر 1 محمد اسلم 565 ر گ۔ب گواہ شد نمبر 2 رفیع احمد 565 ر گ۔ب

مسل نمبر 50389 میں بشیر احمد

ولد محمد اسماعیل مرحوم قوم بھٹہ پیشہ زمیندارہ عمر ...... بیعت پیدائشی احمدی ساکن 565 ر گ۔ب ضلع فیصل آباد بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 1-7-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ 1۔ زرعی اراضی 2/1 ایکڑ مالیتی -/460000 روپے۔ 2۔ 6 مرلہ مکان مالیتی -/66000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/51000 روپے سالانہ آمد از جائیداد بالا ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد بشیر احمد گواہ شد نمبر 1 محمد اسلم چک نمبر 565 ر گ۔ب گواہ شد نمبر 2 رفیع 565 ر گ۔ب

مسل نمبر 50390 میں طاہر احمد ظفر

ولد حمید اللہ ظفر مرحوم قوم جٹ پیشہ زمیندارہ عمر 28 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چک نمبر 565 ر گ۔ب ضلع فیصل آباد بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 1-7-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ زرعی رقبہ ایک ایکڑ مالیتی -/210000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/65000 روپے سالانہ آمد از جائیداد بالا ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد طاہر احمد ظفر گواہ شد نمبر 1 محمد اسلم ولد پیدائش اللہ 565 گ۔ب گواہ شد نمبر 2 خرم گل ولد خلیل احمد 565 ر گ۔ب

مسل نمبر 50391 میں تنویر احمد

ولد بشیر احمد قوم جٹ بھٹہ پیشہ طالب علم عمر 17 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن 565 ر گ۔ب ضلع فیصل آباد بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 1-7-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/300 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد تنویر احمد گواہ شد نمبر 1 محمد اسلم 565 ر گ۔ب گواہ شد نمبر 2 خرم گل 565 ر گ۔ب

مسل نمبر 50392 میں آصف جاوید

ولد جاوید اختر مرحوم قوم منہاس راجپوت پیشہ طالب علم عمر 17 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن 565 ر گ۔ب ضلع فیصل آباد بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 1-7-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد آصف جاوید گواہ شد نمبر 1 محمد اسلم چک نمبر 565 ر گ۔ب گواہ شد نمبر 2 خرم گل 565 ر گ۔ب

مسل نمبر 50393 میں صابرہ بیگم

زوجہ محمد رفیق مرحوم قوم راجپوت پیشہ خانہ داری عمر 70 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن 565 ر گ۔ب ضلع فیصل آباد بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 6-7-05 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ 1۔ زرعی اراضی 4 کنال۔ اس وقت مجھے مبلغ -/1000 + 500 روپے ماہوار بصورت پنشن (خاوند) + جیب خرچ مل رہے ہیں۔ اور مبلغ -/2500 روپے ٹھیکہ سالانہ آمد از جائیداد بالا ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتی ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتی رہوں گی میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ صابرہ بیگم گواہ شد نمبر 1 شہزاد ولد طاہر احمد 565 ر گ۔ب گواہ شد نمبر 2 خرم گل ولد خلیل احمد 565 ر گ۔ب

مسل نمبر 50394 میں صغراں بی بی

